Paper: Urdu | Total Marks: 20

Month Test: February | Obt. Marks: ________

Theme/Unit: First Half | Grand Total: 100

Objective: | ID: ________ | Time: ________

Roll No: ________ | class: 11th | Section: ________

**سوال نمبر1۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** /20

1۔ ردیف کا لفظی مطلب ہے۔

ا۔ گھوڑے پر سوار　ب۔ گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا　ج۔ گھوڑے پر آگے بیٹھنے والا　د۔ گھوڑے کو چلانے والا

2۔---------------دہی میں شکر ڈالو۔

ا۔ کھٹے　ب۔ کھٹی　ج۔ کھٹا　د۔ کھٹیں

3۔ مطلع کے لغوی معنی ہیں۔

ا۔ غروب ہونے کی جگہ　ب۔ طلوع ہونے کی جگہ　ج۔ سونے کی جگہ　د۔ کھیلنے کی جگہ

4۔ کبوتر کو علامت قرار دیا جاتا ہے۔

ا۔ امن اور دوستی کی　ب۔ خیر سگالی کی　ج۔ بہادری کی　د۔ جانثاری کی

5۔ اسلام میں کون سی دو چیزیں بڑی اہم ہیں۔

ا۔ نماز اور روزہ　ب۔ کلمہ اور ایمان　ج۔ توحید و رسالت　د۔ کتاب و سنت

6۔ مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں۔

ا۔ حروفِ تشبیہ　ب۔ طرفین تشبیہ　ج۔ ارکانِ استعارہ　د۔ طرفین استعارہ

7۔ ہر چمکتی چیز سونا نہیں---------------

ا۔ ہوتا　ب۔ ہوتی　ج۔ ہوتیں　د۔ ہوتے

8۔ کراچی سے تار------------

ا۔ آئی　ب۔ آیا　ج۔ پہنچی　د۔ منگوائی

9۔ استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔

ا۔ دو　ب۔ تین　ج۔ چار　د۔ پانچ

10۔ احمد-------------گیند کہاں ہے؟

ا۔ کا　ب۔ کی　ج۔ کے　د۔ کو

11۔ علاج سے مرض بگڑ---------------۔

ا۔ گئی　ب۔ گیا　ج۔ گئے　د۔ گئیں

12۔ جس غزل میں ردیف ہو اسے کہتے ہیں۔

ا۔ مردف　ب۔ غیر مردف　ج۔ بلا ردیف　د۔ ہم قافیہ

13۔ "یاد کا ہر لمحہ پہاڑ سا محسوس ہوتا ہے" اس جملے میں سا ہے۔

ا۔ اسم ب۔ حرفِ شرط ج۔ مہمل د۔ حرف تشبیہ

14۔ دوستوں سے دغا نہیں-------------------چاہیے۔

ا۔ کرنی ب۔ کرنا ج۔ کرنے د۔ کرنیں

15۔ فروری گزر-------------اور مارچ آیا۔

ا۔ گئی ب۔ گیا ج۔ گئے د۔ گئیں

16۔ محفل میں جمائی--------------اچھی بات نہیں۔

ا۔ لینا ب۔ لینی ج۔ لیتا د۔ لیتے

17۔ قافیہ کی بنیادی شرط ہے۔

ا۔ ہم ردیف ب۔ ہم مرتبہ ج۔ متضاد د۔ ہم آواز الفاظ

18۔ وہ مشترک صفت جو مستعار لہ اور مستعار منہ میں پائی جاتی ہے۔

ا۔ مشبہ ب۔ مشبہ بہ ج۔ وجہ جامع د۔ وجہ شبہ

19۔-----------------گھاس دیکھ کر دل خوش ہو گیا۔

ا۔ ہرا ہی ہرا ب۔ ہرا ہرا ج۔ ہری ہری د۔ ہرے ہرے

20۔ اس لفظ--------------املا درست ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| Paper: Urdu | | Total Marks: 80 |
| Month Test: February | | Obt. Marks: |
| Theme/Unit: First Half | | Grand Total: 100 |
| Subjective: | ID: | Time: |
| Roll No: | class: 11th | Section: |

ا۔ کی ب۔ کا ج۔ کے د۔ کو

**سوال نمبر 2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں، شاعر اور نظم کا نام بھی تحریر کریں:**

**/10**

1۔ اشکوں سے ترے دین کی کھیتی ہوئی سیراب
فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سر و ساماں

ڈھائی جائے گی بنا، یورپ کے استعمار کی
ایشیا، آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

**2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں، شاعر کا نام بھی تحریر کریں۔**

**/10**

ہنستے جو دیکھتے ہیں، کسی کو کسی سے ہم

منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں، کس بے کسی سے ہم

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو

وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

مقام تک بھی ہم اپنے، پہنچ ہی جائیں گے

خدا تو دوست ہے، دشمن ہزار، راہ میں ہے

**سوال نمبر 3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کریں۔**

**/15**

1۔ یورپ میں ازمنہ وسطیٰ سے لے کر اٹھارہویں صدی تک کے تمام مغربی مصنف جنہوں نے سرجری پر کتابیں لکھی ہیں، ابو القاسم زہراوی کی فنی قابلیت کے معترف ہیں اور جا بجا اس کتاب سے حوالے دیتے ہیں۔ ان میں سے بعض نے تو صاف طور پر اس امر کا اظہار کیا ہے فنِ جراحت میں زہراوی ایک استاد کامل کی حیثیت رکھتا ہے اور اہلِ یورپ نے ابتدا سے سرجری میں جو کچھ حاصل کیا ہے وہ صرف زہراوی ہی کی بدولت ہے۔

2۔ ایسی کامل و جامع ہستی جو اپنی پوری زندگی میں ہو نوع اور ہر قسم، ہر گروہ اور ہر صنفِ انسانی کے لیے ہدایت کی مثالیں اور نظریں رکھتی ہو، وہی اس لائق ہے جو اس اصناف و انواع سے بھری ہوئی دنیا کی عالم گیر اور دائمی رہنمائی کا کام سرانجام دے، جو غیظ و غضب اور رحم و کرم، جو دو سخا اور فقر و فاقہ شجاعت و بہادری اور رحم دلی، رقیق القلبی، دنیا اور دین دونوں کے لیے ہمیں اپنی زندگی کے نمونوں سے بہرہ مند کر دے۔

**سوال نمبر 4۔ میدانِ کربلا میں صبح کا منظر نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔**

**/5**

**سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ سفارش یا ادیب کی عزت /10**

**سوال نمبر 6۔ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا مگر اب تک پاکستان میں اسلامی نظام نافذ نہ ہونے کی وجوہات پر مکالمہ تحریر کریں۔**

**/10**

یا

**یوم کشمیر کے موقع پر کسی تقریب کی روداد تحریر کریں**

**سوال نمبر 7۔ اپنے علاقے میں بڑھتے ہوئے جرائم کے سدباب کے لئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کو درخواست تحریر کریں۔**

**/10**

**سوال نمبر 8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان تحریر کریں /10**

جدید دور میں کوئی باشعور انسان عورتوں کی تعلیم کا مخالف نہیں۔ کیونکہ زمانے کے بدلتے ہوئے تقاضوں نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تعلیم عورت کے لیے اتنی ہی ضروری ہے جتنی مرد کے لیے، ہاں اب سوچنا یہ ہے کہ عورت کو کیسی تعلیم دی جائے۔ کیا عورت کو وہی نصاب پڑھایا جائے جو مرد کو پڑھایا جاتا ہے یا عورت کے لئے الگ نصاب مقرر ہونا چاہیے۔ یقیناً پرائمری کے دو تین درجوں کے بعد لڑکیوں کا نصاب لڑکوں سے مختلف ہونا چاہیے تاکہ جس مقصد کے لیے ہم لڑکیوں کو تعلیم دینا چاہتے ہیں وہ مقصد پورا ہو سکے۔